MATHEMATICS

ریاضی

Part 2 حصہ

CLASS جماعت 9

URDU MEDIUM





2025-26

Published by
The Government of Telangana
ناشر: حکومت تلنگانہ حیدرآباد۔

Government's Gift for Students' Progress
طلبہ کی ترقی کے لیے حکومت کا تحفہ

J9Q1G9

MATHEMATICS

CLASS IX

Part 2 حصہ

ریاضی



Aryabhata (476–550 CE)

He was an Indian mathematician and astronomer of the classical age of Indian mathematics and Indian astronomy.



2025-26



State Council of Educational Research and Training
Telangana, Hyderabad
ریاستی ادارہ برائے تعلیمی تحقیق و تربیت تلنگانہ، حیدرآباد۔



فعال درسی کتب طلبہ کو اس بات کی سہولت فراہم کرتی ہیں کہ وہ تصورات کو واضح انداز میں درست اور موثر طریقہ سے سمجھیں۔ QR کوڈ میں موجود مواد کو کسی بھی اسمارٹ فون کی مدد سے پڑھا جاسکتا ہے یا LCD پروجیکٹر کے اسکرین/ K-yan پروجیکٹر پر بھی پیش کیا جاسکتا ہے۔ QR کوڈ میں موجود زیادہ تر مواد ویڈیو، انیمیشن اور سلائیڈس کی شکل میں موجود ہے، درسی کتب میں موجود مواد سے متعلق زائد معلومات ان میں فراہم کی گئی ہیں۔

یہ زائد معلومات نہ صرف واضح طور پر طلبہ کو تصوارت سمجھنے میں بلکہ اساتذہ کی تدریس کو بامعنی بنانے کے لیے بھی معاون ہیں۔ ہر باب کے اختتام پر ایک علیحدہ QR کوڈ میں سوالات دیئے گئے ہیں جو طلبہ کے حاصل کردہ اکتسابی ماحصل کی سطح کا تعین بھی کرتے ہیں۔ ہم یہ امید کرتے ہیں کہ اساتذہ اور طلبہ QR کوڈ میں موجود مواد کو پسندیدگی کے ساتھ استعمال کریں گے اور درس واکتساب کو مزید پرلطف اور بصیرت افروز بنائیں گے۔

QR کوڈ کا استعمال کس طرح کیا جائے آیئے جانیں گے!

اس درسی کتاب میں آپ اس طرح کے کئی QR (Quick Response) کوڈس دیکھ سکتے ہیں۔

اپنے موبائیل فون یا ٹیابلٹ یا کمپیوٹر کا استعمال کرتے ہوئے دلچسپ اسباق، ویڈیوز، ڈاکیومنٹ وغیرہ دیکھئے جو QR کوڈ سے مربوط کئے گئے ہیں۔

مرحلہ	وضاحت
A	**QR کوڈ سے مربوط مواد کو دیکھنے کے لیے Andriod موبائیل فون / یا ٹیابلٹ کا استعمال کیجئے۔**
.1	اپنے موبائیل/ ٹیابلٹ میں Play Store پر کلک کیجئے۔
.2	Search bar میں Diksha ٹائپ کریں۔
.3	 آپ کی اسکرین پر کچھ اس طرح نظر آئے گا۔
.4	Install پر کلک کریں۔
.5	کامیاب طریقے سے Install اور Download کرنے کے بعد Open پر کلک کریں۔
.6	زبان کا انتخاب کیجئے اور English پر کلک کیجئے۔
.7	Continue پر کلک کیجئے۔
.8	Student / Teacher آپ جو ہیں اس کا انتخاب کیجئے اور Continue پر کلک کیجئے۔
.9	دائیں جانب اوپر موجود QR کوڈ اسکیانر کے آئیکن پر کلک کیجئے اور آپ کی درسی کتاب میں موجود QR کوڈ کو اسکین کیجئے۔
.10	QR کوڈ سے مربوط عنوانات نظر آئیں گے۔
.11	مطلوبہ مواد کو دیکھنے کے لیے لنک پر کلک کیجئے۔
B	**QR کوڈ سے مربوط مواد کو دیکھنے کے لیے کمپیوٹر کا استعمال کیجئے۔**
.1	https://diksha.gov.in/telangana پر جائیے۔
.2	Explore DIKSHA-TELANGANA پر کلک کیجئے۔
.3	QR کوڈ کے نیچے موجود کوڈ کو browser search bar میں ٹائپ کیجئے۔
.4	مربوط شدہ موضوعات کی ایک فہرست نظر آئے گی۔
.5	مطلوبہ مواد کو دیکھنے کے لیے لنک پر کلک کیجئے۔

MATHEMATICS

ریاضی

IX-CLASS — جماعت نہم

Part-II — حصہ -II

ناشر
حکومت تلنگانہ، حیدرآباد

قانون کا احترام کریں — تعلیم کے ذریعے آگے بڑھیں
اپنے حقوق حاصل کریں — صبر و تحمل سے پیش آئیں

First Published 2013

New Impressions *2014, 2015, 2016, 2017, 2018, 2019, 2020, 2021, 2022,2023,2024*

Republished-2025

This Book has been printed on 70 G.S.M. Maplitho

Title Page 200 G.S.M. White Art Card

Government's Gift for Students' Progress

2025-26 طلبہ کی ترقی کے لئے حکومت کا تحفہ

Printed in India

For The Director, Telangana Govt. Text Book Press,

Mint Compound, Hyderabad,

Telangana.

حکومت تلنگانہ

محکمہ اسکولی تعلیم

تلنگانہ تَلّیِ

The Government of Telangana, Hyderabad.

ناشر حکومت تلنگانہ، حیدرآباد

ریاستی گیت

1. جَیا جَیا ہے تلنگانہ جَنانی جَیا کیتنم
مُوّکوٹی گونتوکلواو کّٹینا چیتنم
ترَاترَالا چرِیتا گلا تلّی نی راجَنم
پَدَ پدانا' نی پلّالوُ پرَ نامِلّینا شُبھا ترَوُنَم
جئے تلنگانہ جئے جئے تلنگانہ
جئے تلنگانہ جئے جئے تلنگانہ

2. پمپانا کوجنما نچے بدے نا کو پدیا مچے
بھیما کوی کی چنو بالا بیجا کشرامینا تلی
ہالونی گاتھا سپتاشتی کی آیو ولود ینا نے لا
بُرہکتھلا تلنگانہ کوٹی لینگالا کونا
جئے تلنگانہ جئے جئے تلنگانہ
جئے تلنگانہ جئے جئے تلنگانہ

3. پرجالا بھاشالوکاویا پراما نالو پرکاٹنچنا
تلگولوتولی پرجا کوی پالا کُرکی سومنّا
راجہ ننا دِھکّا رِنچی رام لوری گرُّینی گٹّی
کوی راجی ویلیگے دِشالا کنچرلا گوپنا
جئے تلنگانہ جئے جئے تلنگانہ
جئے تلنگانہ جئے جئے تلنگانہ

4. کالی داسا کاویالکو بھاشیا لنوراسی نٹّی
مَلّی ناتھا سوری مامیتو کو سیما کنّا بِڈّا
دھولی کٹّا نیلی نٹّی بودھا نیکی بندھوا وتاڑو
دِگنا گُنی گنّا نے لا دِھیکا رَمے جنما ہکو
جئے تلنگانہ جئے جئے تلنگانہ
جئے تلنگانہ جئے جئے تلنگانہ

5. پوتاندی پوریٹی گڈا اُردرامدی ویرا گڈا
گنڈارا گنڈا اڑوکومرم بھیموڑے نی بڈا
کا کتیہ کلا پربھلا کانتی ریکھا رامپّا
گولکنڈہ بھا گیہ نگری گوپّا ویلو گو چارمینارو
جئے تلنگانہ جئے جئے تلنگانہ
جئے تلنگانہ جئے جئے تلنگانہ

6. راچہ کونڈا ایلو بڈیگا رنجیلِّنا ریچرلا
سروجنیہ سِنگا بھوپالونی بنگارو بھومی
وانی نارانی انٹوننا دِنچنا کوی کولاروی
پلّالامرّی پینا ویرا بھدروڈو مالو رودروڈو
جئے تلنگانہ جئے جئے تلنگانہ
جئے تلنگانہ جئے جئے تلنگانہ

7. سمّکّلُو سارکّلو سروائی پاپنّالو
سبّنڈا ورنالا ساہا سالو کونیاڑوتو
اُورُورا پاٹالئی نا میرا سابو ویرا گا تھا
دنڈو نڑی پے پالامورو پنڈا گولّا سائنا
جئے تلنگانہ جئے جئے تلنگانہ
جئے تلنگانہ جئے جئے تلنگانہ

8. کَوی گائیکا وَائیتالیکا کلالاَ منُجِر یرالُو
ڈپّو ڈھمورو کمو ڈکّی شاردا سورنا دالو
پلّا وولا چیرِو جلولا پرتی اولمورن جلگا
اَنُونیتّیمِ نا گانم امّاں نی وے ماپرانم
جئے تلنگانہ جئے جئے تلنگانہ
جئے تلنگانہ جئے جئے تلنگانہ

9. جا آنا پدا جَنا جیوَ ناجاوالِیلُو جا آلُو وَارَا
جَا تینی جَا گروتا پرچے گِیتا لا جَناجَا ترا
ویلا کولادیگا ویرولو نیلا اوریگی پوتے نے می
تروگوندھی نی تیا گم مرووانیدی شرمایا گم
جئے تلنگانہ جئے جئے تلنگانہ
جئے تلنگانہ جئے جئے تلنگانہ

10. بڑولا گوڑولاتو پلےلا اوڑالو پُلا کرِنچالی
ویریسے جناوگنیانم نی کیرتنی پین چالی
تڑابڑا کنڈا جگَنا تَلا ایتّو کونی براتوکا
اوکا جاتیگا نی سنتتی اویماں ویلا گالی
جئے تلنگانہ جئے جئے تلنگانہ
جئے تلنگانہ جئے جئے تلنگانہ

11. سری ویلو گولو جِمّے سِنگا رینی نلّا بنگارم
اَنو ونوُ نا کھنی جالے نی تنوُ نا سنگارم
سہا جامینا ونا سمپد اسکّا نینا پوُّ لا پُوُ دا
سیرولو پنڈے سارا مونا ماگانمے کدا نی یودا
جئے تلنگانہ جئے جئے تلنگانہ
جئے تلنگانہ جئے جئے تلنگانہ

12. گوداوری کرشنما لوتلّی نی نوتڑو پنگا
پچانی مانے للّو پسرِ ی سیرولو پنڈ نگا
سکھا شانتولا تلنگانہ سِھکشَنگا اُنڈا لے
پراتی دینا مدی تلنگانہ پرجالا کللو پنڈا لی
جئے تلنگانہ جئے جئے تلنگانہ
جئے تلنگانہ جئے جئے تلنگانہ – اندے سری

قومی ترانہ

جن گن من ادھی نایک جیا ہے
بھارت بھاگیہ ودھاتا
پنجاب، سندھ، گجرات، مراٹھا، ڈراوڑ، اتکل، ونگا
وندھیا، ہماچل، یمنا، گنگا، اُچ چھل جل دھی ترنگا
تواشبھ نامے جاگے، تواشبھ آشش ماگے
گاہے تو جیا گاتھا
جن گن منگل دایک جیا ہے
بھارت بھاگیہ ودھاتا
جیا ہے، جیا ہے، جیا ہے
جیا جیا جیا جیا ہے

– رابندرناتھ ٹیگور

عہد

ہندوستان میرا وطن ہے۔ مجھے اپنے وطن سے پیار ہے اور میں اس کے عظیم اور گوناگوں ورثے پر فخر کرتا ہوں/ کرتی ہوں۔ میں ہمیشہ اس ورثے کے قابل بننے کی کوشش کرتا رہوں گا/ کرتی رہوں گی۔ اپنے والدین، استادوں اور بزرگوں کی عزت کروں گا/کروں گی اور ہر ایک کے ساتھ خوش اخلاقی کا برتاؤ کروں گا/ کروں گی۔ میں جانوروں کے تئیں رحم دلی کا برتاؤ رکھوں گا/ رکھوں گی۔ میں اپنے وطن اور ہم وطنوں کی خدمت کے لیے اپنے آپ کو وقف کرنے کا عہد کرتا ہوں/ کرتی ہوں۔

– پیڈیمری وینکٹا سباراؤ

دستور ہند

دیباچہ

ہم ہندوستان کے عوام نے نہایت ہی سنجیدگی کے ساتھ خود کو **ایک مقتدر اعلیٰ، سوشلسٹ، سیکولر، عوامی جمہوریہ میں تشکیل دینے کا فیصلہ کرتے ہوئے شہریوں کے لیے**

انصاف: سماجی، معاشی اور سیاسی

آزادی، غور وفکر، اظہار خیال، عقیدہ اور عبادت کی

مساوات: **مرتبہ اور مواقع کی اور تمام میں**

اخوت (بھائی چارہ) کو فروغ دینے کا عزم کرتے ہوئے،

فرد کی عزت ووقار اور ملک کی سالمیت اتحاد کا تیقن دیتے ہیں۔

اپنی دستور ساز اسمبلی میں آج 26/ نومبر 1949ء کے دن اس کو وضع کرتے ہوئے، اپناتے ہوئے اس دستور کو خود اپنے کو دیتے ہیں۔

پیش لفظ

تعلیم انسانی روشن خیالی اور اسے بااختیار بنانے کا عمل ہے۔ تعلیم کے لامحدود فوائد اور بے پناہ صلاحیتوں کو تسلیم کرتے ہوئے تمام ترقی پسند معاشروں نے سب کو معیاری تعلیم فراہم کرنے کے پختہ عزم کے ساتھ ابتدائی تعلیم کو عالمگیر بنانے کا عہد کیا ہے۔ ثانوی تعلیم کا فروغ اور اس کی عالمگیریت بھی اسی پالیسی پر عمل آوری کا تسلسل ہے۔

پرائمری سطح تک روزمرہ زندگی کے لیے کارآمد حساب کی تدریس ثانوی مرحلے میں عبوری طور پر ایک ضروری مضمون کی حیثیت اختیار کرلیتی ہے۔ ثانوی سطح میں مفروضات، مسائل وغیرہ کے منطقی ثبوت پیش کیے گئے ہیں۔ ریاضی ایک مخصوص مضمون ہونے کے علاوہ دوسرے مضامین کے تجزیہ میں شامل ہم آہنگ طریقوں کے ساتھ منسلک ہوتا ہے۔ طلبہ کو اعلیٰ سطح کی تعلیم تکمیل کرنے اور ملک عزیز ہندوستان کے بہترین شہری بننے کے لئے یہ ضروری ہے کہ ثانوی سطح کی ریاضی تعلیم کو تجربات منظم کرنے، حوصلہ افزائیو اعتماد کے ساتھ فراہم کریں۔

مجھے یقین ہے کہ ہماری ریاست تلنگانہ میں طلباء ریاضی کو سیکھنے میں لطف اندوز ہوں گے اور ریاضی کو اپنی زندگی کے تجربات کا حصہ بنائیں گے۔ بامعنی مسائل کی تشریح کرتے ہوئے انہیں حل کریں گے اور اس درسی کتاب کی مدد سے ریاضی کی بنیادی ساخت کا فہم حاصل کریں گے۔

اساتذہ سے امید کی جاتی ہے کہ وہ طلبہ کے نشانات پر زور دینے کے بجائے مضمون کے تنقیدی مسائل اور تدریسی نقطہ نظر پر توجہ مرکوز کریں جو وقت کی اہم ضرورت ہے۔ نیز درس و تدریس میں نصابی امور کی موثر منتقلی کے لیے ضروری ہے کہ مخلوط کمرے جماعت کے تقاضوں کو پورا کریں۔ طرز زندگی کے اختلافات اور اختلاف رائے کا احترام کرتے ہوئے طلباء میں مثبت رجحانات و مثبت دلچسپی پیدا کرنے کے لیے مخلوط کمرہ جماعت کے ماحول کو پروان چڑھانا ہی اصل تدریسی تقاضہ ہے۔

اردو اور انگریزی دونوں زبانوں میں طلبہ کی تفہیمی مہارتوں کو فروغ دینے کے مقصد سے حکومت تلنگانہ نے اس کتاب کو از سر نو مرتب کرتے ہوئے ذولسانی شکل دے کر دو حصّوں میں شائع کیا ہے۔ پہلے حصّے میں 1، 2، 3، 4، 6، 9، 10 اسباق شامل کئے گئے ہیں۔ جبکہ دوسرے حصّے میں 5، 7، 8، 11، 12، 13، 14، 15 اسباق شامل کئے گئے ہیں۔

ریاضی کی تدریس کے مذکورہ نقطہ نظر کو ریاضی کے ویژن کے طور پر ریاستی درسیاتی خاکہ (SCF-2011) میں شامل کیا گیا ہے۔ یہی بات ریاضی کی تدریس سے متعلق مقالہ جات (پوزیشن پیپر) میں واضح طور پر پیش کی گئی ہے جو ریاست میں ریاضی کی تدریس کے تعلیمی معیارات کو بھی واضح طور پر بیان کرتا ہے۔ اس نصابی کتاب کو QR کوڈ کے ساتھ منسلک کیا گیا ہے تاکہ طلباء کو تصورات واضح طور پر سمجھنے میں سہولت فراہم کی جاسکے۔

ریاستی کونسل برائے تعلیمی تحقیق و تربیت تلنگانہ نے ٹیکسٹ بک ڈیولپمنٹ کمیٹی اور ریاست کے مختلف مقامات سے تعلق رکھنے والے متعدد اساتذہ کی انتھک کوششوں کی ستائش کرتا ہے جنہوں نے اس کتاب کی تیاری میں اپنا تعاون پیش کیا۔ ہم اسکول ایجوکیشن ٹاٹا انسٹی ٹیوٹ آف سوشل سائنس (TISS) حیدرآباد کی فیکلٹی اور کمپیوٹر آفیسر TISS , CETE ممبئی اور ریاستی کونسل برائے تعلیمی تحقیق و تربیت تلنگانہ کے ذریعہ نامزد کردہ کتابی ترتیب کے ماہرین کا ان کی تکنیکی مدد کے لیے خصوصی طور پر ممنون و مشکور ہیں۔

ڈائرکٹر

ریاستی ادارہ برائے تعلیمی تحقیق و تربیت تلنگانہ، حیدرآباد

INDEX

فہرست

Chapter

5

Co-Ordinate Geometry

Q8T3Y5

5.1 Introduction

The minimum and the maximum temperatures of Kufri in Himachal Pradesh on a particular day in the month of December were - 6°C and 7°C. Can you represent them on a number line?



Here the numberline acts as a reference scale to indicate the status of temperature on a particular day.

Let us observe the situation as shown in the adjacent picture. Eight persons A, B, C, D, E, F, G and H are standing in a queue. From the ticket counter, A is the first and H is the last person in the queue. With reference to the cafe, 'H' becomes the first and 'A' will become the last person. You might have observed that the positioinal value of the object changes along with the change of reference.



Let us observe another example. In a games period, the students of class IX assembled as shown in the picture. Can you say where Sudha is standing in the picture?

Rama said "Sudha is standing in 2^{nd} column."

Pavani said "Sudha is standing in 4^{th} row."

Nasima said "Sudha is standing in 2^{nd} column and 4^{th} row."

Whom of the above gave correct information? Can you identify Sudha with the information given by Nasima? Can you locate the position of Madhavi (who is standing in 1st column and 5^{th} row?)

Identify the students who are standing in following positions.

(i) (3rd column, 6th row) by Sita
(ii) (5th column, 2nd row) by Raju

باب
5
تحلیلی جیومیٹری

5.1 تعارف

ہماچل پردیش کے علاقے کفری میں ماہِ دسمبر کے کسی مخصوص دن اقل ترین اور اعظم ترین درجہ حرارت بالترتیب $-6^{\circ}C$ اور $7^{\circ}C$ رہا۔ کیا آپ انھیں عددی خط پر ظاہر کر سکتے ہیں؟



یہاں عددی خط کسی مخصوص دن درجہ حرارت کو ظاہر کرنے کے لئے حوالے کے پیمانے کے طور پر کام کر رہا ہے۔

آیئے متصلہ تصویر میں ظاہر کی گئی صورتحال پر غور کریں۔ آٹھ افراد A،B،C،D،E،F،G اور H ایک قطار میں ٹھہرے ہوئے ہیں۔ ٹکٹ کاونٹر کے لحاظ سے قطار میں A پہلا جب کہ H آخری شخص ہے۔ CAFE کیفے کی جانب سے H پہلا اور A آخری شخص ہوگا۔ آپ نے غور کیا ہوگا کہ ایک شئے کی مقامی قدر اس کے حوالے کی تبدیلی سے بدل جاتی ہے۔



ہم ایک اور مثال پر گفتگو کریں گے۔ کھیل کے گھنٹے میں نہم جماعت کے تمام طلباء ایک جگہ جمع ہوئے ہیں جیسا کہ تصویر میں دکھایا گیا ہے۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ سدھا تصویر میں کہاں ٹھہری ہوئی ہے۔

راما نے کہا ''سدھا دوسرے کالم میں ٹھہری ہوئی ہے''

پوانی نے کہا ''سدھا چوتھی صف میں ٹھہری ہوئی ہے''

نسیمہ نے کہا ''سدھا دوسرے کالم اور چوتھی صف میں ٹھہری ہوئی ہے''

کس نے درست اطلاع دی؟ نسیمہ کی دی گئی اطلاع کے مطابق کیا آپ سدھا کی شناخت کر سکتے ہیں؟ کیا آپ مادھوری کے مقام کی نشان دہی کر سکتے ہیں؟ جو پہلے کالم اور پانچویں صف میں ٹھہری ہوئی ہے؟

ان طلبہ کی نشاندہی کیجیے جو حسب ذیل مقامات پر کھڑے ہوئے ہیں۔

(i) تیسرا کالم چھٹی صف سیتا کا مقام (ii) پانچواں کالم دوسری صف راجو کا مقام

In the above example can you say how many references did you consider? What are they?

Let us discuss one more situation.



A teacher asked her students to mark a point on a sheet of paper. The hint given by the teacher is "the point should be at a distance of 6 cm from the left edge." Some of the students marked the point as shown in the figure.

In the figure which point do you suppose is correct? Since each point A,B,C and D is at a distance of 6 cm from the left edge, no point can be denied. To fix the exact position of the point one more information is needed. To fix its exact position, another reference, say, the distance from the edge of the top or bottom has to be given.



Suppose the teacher says that the point is at a distance of 6 cm from the left edge and at a distance of 8 cm from the bottom edge, now how many points with this description can be marked?

Only a single point can be marked. So, how many references do you need to fix the position of a point?

We need two references to describe for fixing the exact position of a point. The position of the point is denoted by (6,8). If you say "a point is marked at a distance of 7 cm from the top." Can you trace its exact position? Discuss with your friends.

Do This

Describe the seating position of any five students in your classroom.

Activity (Ring Game)

Have you seen 'Ring game' in exhibitions? We throw rings on the objects arranged in rows and columns. Observe the following picture.

کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ اوپر کی مثال میں آپ نے کتنے حوالوں پر غور کیا؟ وہ کونسے ہیں؟

آیئے ہم ایک اور صورت حال پر غور کریں۔



ایک مدرس نے کاغذ کی شیٹ پر ایک نقطہ لگانے کے لئے کہا۔ مدرس نے نقطہ لگانے کے لیے اس طرح اشارہ دیا کہ ''نقطہ کاغذ کی بائیں کنارے سے 6 سنٹی میٹر کی دوری پر ہونا چاہئے'' چند طلبا نے دی گئی شکل کے مطابق نقطے لگائے۔

شکل کے مطابق آپ کونسے نقطے کو درست سمجھتے ہیں، چونکہ A، B، C، اور D کاغذ کی بائیں کنارے سے 6 سمر کی دوری پر ہیں' اس لئے کسی بھی نقطے کو غلط نہیں سمجھا جا سکتا۔ نقطے کے حقیقی مقام کو متعین کرنے کے لئے کونسی مزید معلومات کی ضرورت ہے؟ نقطے کے حقیقی مقام کے تعین کے لئے ایک اور حوالہ یعنی پیپر شیٹ پر اوپری یا نچلی سطح سے فاصلہ دیا جانا ضروری ہے۔



فرض کیجئے کہ مدرس نے کہا کہ نقطہ پیپر شیٹ کی بائیں کنارے سے 6 سمر اور نچلے کنارے سے 8 سمر کی دوری پر واقع ہے۔ مذکورہ وضاحت سے کتنے نقاط لگائے جاسکتے ہیں؟ صرف ایک ہی نقطہ لگایا جا سکتا ہے۔ اس لئے ایک نقطے کے تعین کے لئے کتنے حوالوں کی ضرورت ہے؟

ایک نقطے کے حقیقی مقام کو متعین کرنے کے لئے ہمیں دو حوالوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ نقطے کے مقام کو (6,8) سے ظاہر کیا جاتا ہے۔ آپ اگر یہ کہتے ہیں کہ ''ایک نقطہ اوپری سطح سے 7 سمر کی دوری پر لگایا گیا ہے'' تو کیا آپ اس کا حقیقی مقام بتا سکتے ہیں؟ اپنے دوستو سے اس پر گفتگو کیجئے۔

یہ کیجیے

اپنے کمرۂ جماعت میں کسی پانچ طلباء کے نشستوں کی نشاندہی کیجئے۔

عملی کام (حلقے کا کھیل)

کیا آپ نے مختلف نمائشوں میں ''رنگ گیم'' کو دیکھا ہے، صف اور کالم میں جمائی گئی اشیاء پر ہم رنگ پھینکتے ہیں۔

حسب ذیل تصویر پر غور کیجئے۔

Complete the following table with suitable numbers

Object	Column	Row	Position
Purse	3	4	(3,4)
Match box	....	3	(,3)
Clip	....	....	....
Teddy	....	....	....
Soap	....	....	....

Is the object in 3^{rd} column and 4^{th} row is same as 4^{th} column and 3^{rd} row?

The representation of a point on a plane with idea of two references led to development of new branch of mathematics known as Coordinate Geometry.

Rene Descartes (1596-1650), a French mathematician and philosopher has developed the study of Co-ordinate Geometry. He found an association between algebraic equations and geometric curves and figures. In this chapter we shall discuss about the point and also how to plot the points on a co-ordinate plane.

EXERCISE 5.1

1. In a locality, there is a main road along North-South direction. The map is given below. With the help of the picture answer the following questions.





(i) What is the 3^{rd} object on the left side in street no. 3?

(ii) Find the name of the 2^{nd} house which is in right side of street 2.

(iii) Locate the position of Mr. K's house.

(iv) Describe the position of the post office.

(v) Describe the location of the hospital.

حسب ذیل جدول کو مکمل کیجئے

اشیاء	کالم	صف	مقام
پرس	3	4	(3,4)
دیاسلائی کی ڈبیہ	....	3	(,3)
Clip کلپ	....	....	....
گڑیا	....	....	....
صابن	....	....	....

تیسرے کالم اور چوتھی صف میں موجود شئے کیا وہی ہے جو چوتھے کالم اور تیسری صف میں موجود ہے؟

دوحوالوں کی مدد سے ایک نقطے کے اظہار سے ریاضی کی ایک نئی شاخ کو فروغ حاصل ہوا جسکو تحلیلی جیومٹری کے نام سے جانا جاتا ہے۔فرانسیسی ریاضی داں و فلسفی ’’رینے ڈیکارٹے‘‘ (1596-1650) نے تحلیلی جیومیٹری کو فروغ دیا۔اس نے الجبرائی مساواتوں اور جیومٹری کی اشکال کے درمیان تعلق کو معلوم کیا۔اس باب میں ہم مستوی پر نقطہ لگانے کے تعلق سے بحث کریں گے۔

مشق 5.1



1. ایک بستی میں شمالاً-جنوباً سمت میں ایک سڑک واقع ہے۔نقشہ ذیل میں دیا گیا ہے تصویر کی مدد سے حسب ذیل سوالات کے جوابات دیجئے۔



(i) گلی نمبر 3 میں بائیں جانب تیسری عمارت کون سی ہے؟

(ii) گلی نمبر 2 میں دائیں جانب دوسرے گھر کا نام معلوم کیجئے۔

(iii) مسٹر K کے گھر کی نشان دہی کیجئے۔

(iv) پوسٹ آفس کے مقام کی وضاحت کیجئے۔

(v) آپ کس طرح ہسپتال کا مقام ظاہر کریں گے؟

5.2 Cartesian System

We use number line to represent the numbers by marking points on the line. Observe the following integer line.



Points marked with equidistance on either side from the fixed point zero. The fixed point corresponding to zero is called orgin, it is denoted by 'O'. All positive integers are shown on the right side of zero and all negative integers on its left side.

We take two number lines, perpendicular to each other in a plane. We locate the position of a point with reference to these two lines. Observe the following figure.



(i) (ii) (iii)

The perpendicular lines may be in any direction as shown in the figures. But, when we choose these two lines to locate a point in a plane in this chapter, for the sake of convenience we take one line horizontally and the other vertically as in fig. (iii). We draw a horizontal number line and a vertical number line intersecting at a point perpendicular to each other. The point of intersection is denoted as origin. The horizontal number line XX^1 is known as X-axis and the vertical number line YY^1 is known as Y-axis.







5.2 کارتیزی نظام

ہم عددی خط پر مساوی فاصلے پر نقاط کی نشاندہی کرتے ہوئے اعداد کو ظاہر کرتے ہیں۔ ذیل کے عددی خط کا مشاہدہ کریں گے۔



عددی خط پر قائم نقطے صفر سے دونوں جانب مساوی فاصلے نقاط کی نشاندہی کی جاتی ہے اسے مبدا Origin کہتے ہیں اور اسے O سے ظاہر کرتے ہیں۔ تمام مثبت صحیح اعداد کو صفر کے دائیں جانب اور تمام منفی صحیح اعداد کو صفر کے بائیں جانب ظاہر کیا جاتا ہے۔

ہم مستوی میں ایک دوسرے پر عمودوار عددی خطوط لیتے ہیں جو ایک دوسرے پر عمودوار ہیں۔ ہم ان دو خطوط کے حوالے سے ایک نقطے کا تعین کرتے ہیں۔ مندرجہ ذیل اشکال کا مشاہدہ کیجئے۔



(i) (ii) (iii)

عمودوار خطوط کسی بھی سمت میں ہو سکتے ہیں جس طرح شکل میں دکھایا گیا ہے۔ لیکن اس باب میں جب ہم ان دو خطوط کو مستوی کسی نقطے کے تعین کے لئے انتخاب کرتے ہیں تو آسانی کے لئے ہم ایک افقی اور دوسرا عمودی خط لیتے ہیں جس طرح شکل (iii) میں ہے۔ ہم ایک افقی عددی خط اور ایک انتصابی خط کھینچیں گے جو ایک نقطہ پر ایک دوسرے پر عمودوار ہیں، نقطہ تقاطع کو مبدا سے ظاہر کیا جاتا ہے۔ افقی خط XX' کو x محور اور عمودی خط YY' کو y محور کے نام سے جانا جاتا ہے۔



The point where XX^1 and YY^1 cross each other is called the origin, and is denoted by 'O'. Since the positive numbers lie on the directions $\overrightarrow{OX}$, is called the positive direction of the X-axis, similarly $\overrightarrow{OY}$ is the positive Y-axis respectively. Also $\overrightarrow{OX^1}$ and $\overrightarrow{OY^1}$ are called the negative directions of the X-axis and the Y-axis respectively. We can observe that the axes (plural of axis) divide the plane into four parts. These are called first, second, third and fourth quadrants respectively. These four parts are called the quadrants and are denoted by Q_1, Q_2, Q_3 and Q_4 in anti clockwise direction. The plane here is called the cartesian plane (named after Rene Descartes) or co-ordinate plane or XY-plane. The axes are called the coordinate axes.



5.2.1 Locating a Point

Now let us see how to locate a point in the coordinate system. Observe the following graph. Two axes X and Y are drawn on a graph paper. A and B are any two points on it. Can you say the quadrants to which the points A and B belong to?



The point A is in the first quadrant (Q_1) and the point B is in the third quadrant (Q_3). Now let us see the distances of A and B from the axes. For this we draw the perpendiculars AC on the X-axis and AD on the Y-axis. Similarly, we draw perpendiculars BE and BF as shown in figure.

We can observe the following

(i) The perpendicular distance of the point A from the Y-axis measured along the positive direction of X-axis is AD=OC= 5 units. We call this as X-coordinate of 'A'.

(ii) The perpendicular distance of the point A from the X-axis measured along the positive direction of the Y-axis is AC=OD=3 units. We call this as Y-coordinate of 'A'. Therefore coordinates of 'A' are (5, 3)



جس نقطے پر 'XX اور 'YY ایک دوسرے کو قطع کرتے ہیں اس کو مبدا کہتے ہیں اور اس کو O سے ظاہر کیا جاتا ہے چوں کہ مثبت اعداد $\overrightarrow{OX}$ سمت میں پائے جاتے ہیں اس لئے اس کو X محور کی مثبت سمت کہتے ہیں۔ اسی طرح $\overrightarrow{OY}$ کو مثبت Y محور کہتے ہیں۔ 'OX اور 'OY کو بالترتیب X محور اور Y محور کی منفی سمت کہا جاتا ہے۔ ہم دیکھ سکتے ہیں کہ یہ دو محور مستوی کو چار حصوں میں تقسیم کرتے ہیں۔ ان چاروں حصوں کو اربعہ (ربع کی جمع) کہا جاتا ہے اور انھیں مخالف سمت ساعت میں Q_1، Q_2، Q_3، Q_4 سے ظاہر کیا جاتا ہے۔ اس مستوی کو یہاں کارتیزی مستوی (رینے ڈیکارٹے) کے نام پر یا مختصات کی مستوی یا X Y مستوی کہتے ہیں، محوروں کو مختصات کے محور کہا جاتا ہے۔

5.2.1 کسی نقطے کا تعین



آیئے دیکھیں کہ مختصات کے نظام میں کسی نقطے کا تعین کس طرح کیا جاتا ہے۔ حسب ذیل گراف پر غور کیجئے۔ گراف پر دو محور کھینچے گئے ہیں۔ جس پر A اور B کوئی دو نقاط ہیں۔ کیا آپ ان کے ربع کے نام بتا سکتے ہیں جن میں A اور B واقع ہیں۔

نقطہ A پہلے ربع Q_1 میں اور نقطہ B تیسرے ربع Q_3 میں واقع ہیں۔ اب ہم A اور B کا محوروں سے فاصلہ دیکھتے ہیں۔ اس کے لئے ہم X محور پر عمود AC اور Y محور پر عمود AD گرائیں گے۔ اسی طرح عمود BE اور BF بھی گرائیں گے جیسا کہ شکل میں دکھایا گیا ہے۔

ہم غور کر سکتے ہیں کہ

(i) نقطہ A کا Y محور سے عمودی فاصلہ جیسے X محور کے مثبت سمت میں ناپا گیا 5 اکائیاں AD=OC= ہوگا اسے ہم A کا x- مختص کہیں گے۔

(ii) نقطہ A کا Y محور سے عمودی فاصلہ جیسے y محور کے ساتھ مثبت سمت میں ناپا گیا ہو 3 اکائیاں AC=OD= ہوگا۔ اسے ہم A کا y مختص کہیں گے۔

اس لئے A کے مختصات (5,3) ہوں گے۔

(iii) The perpendicular distance of the point B from the Y-axis measured along the negative direction of X-axis is OE=BF= 4 units. i.e. at –4 on X-axis. We call this as X-coordinate of 'B'.

(iv) The perpendicular distance of the point B from the X-axis measured along the negative direction of Y-axis is OF = EB = 3 units. i.e. at –3 on Y-axis. We call this as Y-coordinate of 'B' and (–4, –3) are coordinates of 'B'.

Now using these distances, how can we locate the point? We write the coordinates of a point in the following method.

(i) The x-coordinate of a point is the distance from origin to foot of perpendicular on X-axis. The x-coordinate is also called the abscissa.

The x-coordinate (abscissa) of P is 2.

The x-coordinate (abscissa) of Q is –3.

(ii) The y-coordinate of a point is the distance from origin to foot of perpendicular on Y-axis.

The y-coordinate is also called the ordinate.

The y-coordinate or ordinate of P is –2.

The y-coordinate or ordinate of Q is 4.

Hence the coordinates of P are (2, –2) and the coordinates of Q are (–3, 4).

So, the coordinates of a point in a plane are unique.

5.2.2 Origin

1. The intersecting point of X-axis and Y-axis is called origin. We take origin as a reference point to locate other points in a plane. Origin is denoted by "O".

Example 1. State the abscissa and ordinate of the following points and describe the position of each point (i) P(8,8) (ii) Q (6,–8).

Solution : (i) P (8,8)

abscissa = 8 (x - coordinate); Ordinate = 8 (y - coordinate)

The point P is at a distance of 8 units from Y-axis measured along positive point of X-axis from origin. As its ordinate is 8, the point is at a distance of 8 units from X-axis measured along positive point of Y-axis from origin.

(ii) Q (6, –8)

abscissa = 6 ; Ordinate = –8

The point Q is at a distance of 6 units from Y-axis measured along positive X-axis and it is at a distance of 8 units from X-axis measured along negative Y-axis.

(iii) نقطہ B کا Y محور سے عمودی فاصلہ جسے X محور کے منفی سمت میں ناپا گیا ہو 4 اکائیاں OE=BF= ہوگا یعنی X محور پر 4-۔ اسے ہم B کا
x مختص کہیں گے۔

(iv) نقطہ B کا X محور سے عمودی فاصلہ جسے Y محور منفی سمت میں ناپا گیا ہو 3 اکائیاں OF=EB= اکائیاں ہوگا یعنی Y محور پر 3- اسے ہم
B کا y مختص کہیں گے اور (4,-3-) نقطہ B کے مختصات ہوں گے۔

ان فاصلوں کا استعمال کرتے ہوئے ہم کس طرح نقطے کا تعین کر سکیں گے۔ ہم حسب ذیل طریقے سے ایک نقطے کے مختصات لکھیں گے۔

(a) نقطے کا x مختص مبدا اور نقطے سے X محور پر گرائے گئے عمود کے قدم تک کا فاصلہ ہے

x مختص کو طولی مختص یا فصلہ abscissa بھی کہتے ہیں۔

P کا x مختص (طولی مختص) 2 ہے۔

Q کا x مختص (طولی مختص) 3- ہے۔

(b) نقطے کا y مختص مبدا اور نقطے سے Y محور پر گرائے گئے عمود کے قدم کا فاصلہ ہے۔

y مختص کو عرض مختص (معین) Ordinate بھی کہتے ہیں۔

P کا y مختص یا عرضی مختص 2- ہے

Q کا y مختص یا عرض مختص 4 ہے

اس لئے p کے مختصات (2,-2) اور Q کے مختصات (3,4-) ہیں۔

اس لئے مختصات کے استعمال سے کسی مستوی میں نقطے کے مقام کا تعین واحد (یکتا) ہوتا ہے۔

5.2.2 مبداء

.1 X محور اور Y محور کا نقطہ تقاطع کو مبدا کہلاتا ہے۔ ہم مستوی میں دیگر نقاط کے تعین کے لئے مبدا کو حوالے کے طور پر لیتے ہیں۔

مثال 1: حسب ذیل نقاط کے x- مختص (فصلہ) اور y- مختص (معین) کی نشاندہی کرتے ہوئے ہر ایک نقطہ کا مقام متعین کیجئے۔

(i) P (8, 8) (ii) Q(6, -8)

حل: (i) P(8, 8)

x- مختص (طولی مختص) =8 y- مختص (عرضی مختص) =8

نقطہ p، y محور سے 8 اکائیوں کے فاصلہ پر موجود ہے جب کہ اسکو مبدے سے X محور کی مثبت سمت میں ناپا جائے۔ چوں کہ اس نقطے کا
y مختص 8 ہے۔ اس لیئے نقطہ مبدے سے Y محور کی مثبت سمت میں X محور سے 8 اکائیوں کے فاصلے پر واقع ہے

II۔ Q(6,-8)

x = 6 مختص ، y = -8 مختص

نقطہ Q، Y محور سے 6 اکائیوں کے فاصلے پر جب کہ اسے مبدے سے X محور کی مثبت سمت میں اور Y محور کی شکل کی منفی سمت میں
X محور سے 8 اکائیوں کے فاصلے پر موجود ہے۔

Example 2. Write the coordinates of the points marked in the graph.

Solution : 1. Draw a perpendicular line to X-axis from the point P. The perpendicular line touches X-axis at 4 units. Thus abscissa of P is 4. Similarly draw a perpendicular line to Y-axis from P. The perpendicular line touches Y-axis at 3 units. Thus ordinate of P is 3. Hence the Cordinates of P are (4, 3).



2. Similarly, the abscissa and ordinate of the point Q are –4 and 5 respectively. Hence the coordinates of Q are (–4, 5).

3. The abscissa and ordinate of the point R are –2 and –4 respectively. Hence the coordinates of R are (–2, –4).

4. The abscissa and ordinate of the point S are 4 and –5 respectively. Hence the coordinates of S are (4, –5).

Example-3. Write the coordinates of the points marked in the graph.

Solution : The point A is at a distance of 3 units from the Y-axis and at a distance zero units from the X-axis. Therefore the x coordinate of A is 3 and y-coordinate is 0. Hence the coordinates of A are (3,0).So think and discuss.



(i) The coordinates of B are (2,0). Why?

(ii) The coordinates of C are (–1,0). Why?

(iii) The coordinates of D are (–2.5, 0). Why?

(iv) The coordinates of E are (–4,0) why? What do you observe?

So as observed in figure, every point on the X-axis has no distance from X-axis. Therefore the y coordinate of a point lying on X-axis is always zero.

X-axis is denoted by the equation $y = 0$.

مثال 2: گراف پر نشان زدہ نقاط کے مختصات لکھیئے۔

حل: 1۔ نقطہ P سے X محور پر ایک عمود گرایئے۔ یہ عمودی خط X محور پر 4 اکائیوں پر چھوئے گا۔ اس لیئے P کا x- مختص 4 ہوگا۔ اس طرح P سے Y محور پر بھی ایک عمود گرایئے۔ یہ عمودی خط Y محور پر 3 اکائیوں پر چھوئے گا۔ اس لیئے P کا y- مختص 3 ہوگا۔ لہٰذا P کے مختصات (4 , 3) ہوں گے۔



2۔ اس طرح نقطہ Q کے x اور y مختص بالترتیب 4- اور 5 ہوں گے۔ اس لیئے Q کے مختصات (-4,5) ہوں گے۔

3۔ گزشتہ کے حل کے مطابق نقطہ R کے طولی اور عرضی مختص بالترتیب 2- اور 4 ہیں۔ اس لیئے R کے مختصات (-2,4) ہیں۔

4۔ نقطہ S کے معین اور فصلہ بالترتیب 4 اور 5- ہیں۔ اس لیئے S کے مختصات (4,-5) ہوں گے۔

مثال 3: گراف پر بنائے گئے نقاط کے مختصات لکھیے۔



حل: نقطہ A، Y محور سے 3 اکائیوں کے فاصلے پر اور X محور سے صفر اکائیوں کے فاصلے پر واقع ہے۔ اس لئے A کا مختص 3 اور Y مختص O ہے۔ اس لئے A کے مختصات (3,0) ہیں۔

چنانچہ غور کرتے ہوئے بتایئے کہ

(i) B کے مختصات (2,0) ہیں۔ کیوں؟

(ii) C کے مختصات (-1,0) ہیں۔ کیوں؟

(iii) D کے مختصات (-2.5,0) ہیں۔ کیوں؟

(iv) E کے مختصات (-4,0) ہیں۔ کیوں؟

جیسا کہ ہم نے شکل میں دیکھا ہے، X محور پر موجود ہر نقطہ X محور پر کوئی فاصلہ نہیں رکھتا۔ اس لیے X محور پر موجود کسی نقطے کا Y مختص ہمیشہ صفر رہے گا۔

X محور کو مساوات Y=0 سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

Do this

Among the points given below some of the points lie on X-axis. Identify them.

(i)	(0,5)	(ii)	(0,0)	(iii)	(3,0)
(iv)	(-5,0)	(v)	(-2,-3)	(vi)	(-6,0)
(vii)	(0,6)	(viii)	(0,a)	(ix)	(b,0)

Example-4. Write the coordinates of the points marked in graph.

Solution :



(i) The point P is at a distance of +5 units from the X-axis and at a distance zero from the Y-axis. Therefore the x-coordinate of P is 0 and y-coordinate is 5. Hence the coordinates of P are (0,5).

Think and discuss :

(ii) The coordinates of Q are (0, 3.5), why?

(iii) The coordinates of R are (0,1), why?

(iv) The coordinates of S are (0, –2), why?

(v) The coordinates of T are (0, –5), why?

Since every point on the Y-axis is at a zero distance from the Y-axis, the x-coordinate of the point lying on Y-axis is always zero. Y-axis is given by the equation $x = 0$.

5.2.3 Coordinates of Origin

The point O lies on Y-axis. Its distance from Y-axis is zero. Hence its x-coordinate is zero. Also it lies on X-axis. Its distance from X-axis is zero. Hence its y-coordinate is zero.

Therefore the coordinates of the origin ‘O’ are (0, 0).

Try These

1. Which axis the points such as $(0, x)$ $(0, y)$ (0, 2) and (0, –5) lie on? Why ?
2. Write the general form of the points which lie on X-axis.

یہ کیجیے

.1 ذیل میں دیئے گئے نقاط میں سے چند نقاط X محور پر پائے جاتے ہیں،ان کی شناخت کیجئے۔

(i)	(0,5)	(ii)	(0,0)	(iii)	(3,0)
(iv)	(-5,0)	(v)	(-2,-3)	(vi)	(-6,0)
(vii)	(0,6)	(viii)	(0,a)	(ix)	(b,0)

مثال4۔ گراف پر نشان زدہ نقاط کے مختصات لکھئے۔

حل:



(i) نقطہ X،P محور سے 5+ اکائیوں کے فاصلے پر اور Y محور پر صفر فاصلے پر موجود ہے۔اس لیئے P کا X مختص 0 اور Y مختص 5 ہے۔اس لئے P کے مختصات (0,5) ہیں۔

غور کرتے ہوئے بتایئے کہ

(ii) Q کے مختصات (0,3.5) ہیں کیوں؟

(iii) R کے مختصات (0,1) ہیں کیوں؟

(iv) S کے مختصات (0,-2) ہیں کیوں؟

(v) T کے مختصات (0,-5) ہیں کیوں؟

چوں کہ Y محور پر موجود ہر نقطے کا Y محور کے ساتھ کوئی فاصلہ نہیں ہے۔اس لئے Y محور پر موجود نقطے کا X مختص ہمیشہ صفر رہے گا۔Y محور کو مساوات $x=0$ سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

5.2.3 مبدے کے مختصات

نقطہ Y،0 محور پر واقع ہے۔اس کا Y محور سے فاصلہ صفر ہے۔اس لئے اس کا X مختص صفر ہے۔علاوہ ازیں یہ نقطہ X محور پر بھی واقع ہے۔اس لئے اس کا X محور سے فاصلہ صفر ہے۔اس لئے اس کا Y مختص صفر ہے۔

اس لئے مبدا ' O ' کے مختصات (0,0) ہوں گے۔

کوشش کیجیے

.1 نقاط (0,x)،(0,y)،(0,2) اور (0,-5) کس محور پر ہیں؟ کیوں؟

.2 X محور پر پائے جانے والے نقاط کی عام شکل کیا ہوگی؟

Example 5. Complete the table based on the following graph.



Point	Abscissa	Ordinate	Co-ordinates	Quadrant	Signs of co-ordinates
E	3	7	E (3,7)	Q_1	(+, +)
D	.....	.....	.....	.....	.....
U	−4	6	U (−4,6)	.....	(−,+)
C	.....	.....	.....	.....	.....
A	−4	−3	A (−4, −3)	.....	(−,−)
T	.....	.....	.....	.....	.....
I	4	−2	I (4, −2)	.....	(+,−)
O	.....	.....	.....	.....	.....
N	.....	.....	.....	.....	.....

مثال 5۔ حسب ذیل گراف کی مدد سے دیے گئے جدول کو مکمل کیجئے۔



نقطہ	معین	فصلہ	مختصات	ربع	مختصات کی علامتیں
E	3	7	E (3,7)	Q_1	(+, +)
D	.....	.....	.....	.....	.....
U	–4	6	U (–4,6)	.....	(–,+)
C	.....	.....	.....	.....	.....
A	–4	–3	A (–4, –3)	.....	(–,–)
T	.....	.....	.....	.....	.....
I	4	–2	I (4, –2)	.....	(+,–)
O	.....	.....	.....	.....	.....
N	.....	.....	.....	.....	.....

From the above table you may have observed the following relationship between the signs of the coordinates of a point and the quadrant of a point in which it lies.





Exercise 5.2

1. Write the quadrant in which the following points lie.

   i) $(-2, 3)$ ii) $(5, -3)$ iii) $(4, 2)$ iv) $(-7, -6)$

   v) $(0, 8)$ vi) $(3, 0)$ vii) $(-4, 0)$ viii) $(0, -6)$

2. Write the abscissae and ordinates of the following points.

   i) $(4, -8)$ ii) $(-5, 3)$ iii) $(0, 0)$ iv) $(5, 0)$

   v) $(0, -8)$

   Note : Plural of abscissa is abscissae.

3. Which of the following points lie on the axes? Also name the axis.

   i) $(-5, -8)$ ii) $(0, 13)$ iii) $(4, -2)$ iv) $(-2, 0)$

   v) $(0, -8)$ vi) $(7, 0)$ vii) $(0, 0)$

4. Write the following based on the graph.

   i) The ordinate of L

   ii) The ordinate of Q

   iii) $(-2, -2)$ is denoted by

مندرجہ بالا جدول سے آپ نے مشاہدہ کیا ہوگا کہ ایک نقطہ کے مختصات کی علامتوں اور وہ نقطہ جس ربع میں پایا جاتا ہے اس کے درمیان کیا رشتہ ہے۔





مشق 5.2

1. ربع Quadrant لکھئے جس میں حسب ذیل نقاط موجود ہیں۔

i) $(-2, 3)$ ii) $(5, -3)$ iii) $(4, 2)$ iv) $(-7, -6)$

v) $(0, 8)$ vi) $(3, 0)$ vii) $(-4, 0)$ viii) $(0, -6)$

2. حسب ذیل نقاط کے طولی اور عرضی مختص کیا ہیں۔ لکھئے؟

i) $(4, -8)$ ii) $(-5, 3)$ iii) $(0, 0)$ iv) $(5, 0)$

v) $(0, -8)$

3. حسب ذیل میں سے کون سے نقاط محوروں پر پائے جاتے ہیں؟ محور کا نام بتائیے۔

i) $(-5, -8)$ ii) $(0, 13)$ iii) $(4, -2)$ iv) $(-2, 0)$

v) $(0, -8)$ vi) $(7, 0)$ vii) $(0, 0)$

4. گراف دیکھتے ہوئے حسب ذیل کے جوابات لکھئے۔

(i) L کا عرضی مختص (Y مختص)

(ii) Q کا عرضی مختص (Y مختص)

(iii) نقطہ (-2,2) سے ظاہر کیا گیا نقطہ

iv) (5, –4) is denoted by

v) The abscissa of N

vi) The abscissa of M



5. State True or False, if 'false' write correct statement.

i. In the Cartesian plane the horizontal line is called Y - axis.

ii. In the Cartesian plane, the vertical line is called Y - axis.

iii. The point which lies on both the axes is called origin.

iv. The point (2, –3) lies in the third quadrant.

v. (–5, –8) lies in the fourth quadrant.

vi. The point (–x , –y) lies in the first quadrant where x < 0 , y < 0.

6. Plot the following ordered pairs on a graph sheet. What do you observe?

i.. (1, 0), (3 , 0), (–2 , 0), (–5, 0), (0, 0), (5, 0), (–6, 0)

ii. (0, 1), (0 , 3), (0 , –2), (0, –5), (0, 0), (0, 5), (0, –6)

(iv) نقطہ (5,-4) سے ظاہر کیا گیا
(v) N کا طولی مختص (x مختص)
(vi) M کا طولی مختص (X مختص)



.5 صادق یا کاذب بیان کیجئے۔ اگر کاذب ہو تو صحیح بیان لکھیے۔

(i) کارتیزی مستوی میں افقی خط کو Y محور کہتے ہیں۔ ( )

(ii) کارتیزی مستوی میں عمودی خط کو Y محور کہتے ہیں۔ ( )

(iii) وہ نقطہ جو دونوں محوروں پر پایا جاتا ہے، مبدا کہلاتا ہے۔ ( )

(iv) (2,-3) ربع سوم (Q_3) میں پایا جاتا ہے ( )

(v) (-5,-8) ربع چہارم (Q_4) میں پایا جاتا ہے ( )

(vi) $(-x,-y)$ ربع اول میں پایا جاتا ہے جہاں $x<0$ ، $y < 0$ ( )

.6 گراف پیپر پر حسب ذیل مرتب جوڑوں کا تعین کیجئے۔ آپ کیا غور کرتے ہیں؟

i.. (1, 0), (3 , 0), (−2 , 0), (−5, 0), (0, 0), (5, 0), (−6, 0)

ii (0, 1), (0 , 3), (0 , −2), (0, −5), (0, 0), (0, 5), (0, −6)

5.3 Plotting a point on the Cartesian plane (when its co-ordinates are given)

So far we have seen how to read the positions of points marked on a Cartesian plane. Now we shall learn to mark the point if its co-ordinates are given.

For instance how do you plot a point (4, 6)?

Can you say in which quardrant the point P lies?

We know that the abscissa (x-coordinate) is 4 and y-coordinate is 6.



∴ P lies in the first quadrant

The following process shall be followed in plotting the point P (4, 6) in the graph sheet.

- Draw two number lines perpendicular to each other intersecting at their zeroes on a graph paper. Name the horizontal line as X-axis and the vertical line as Y-axis and name the intersecting point of both the lines as Origin 'O'.
- Keep the x-coordinate in mind, start from zero, i.e. from the Origin.
- Move 4 units along positive part of X-axis i.e. to its right side and mark the point A.
- From A move 6 units upward along the line parallel to positive part of Y-axis.
- Locate the position of the point 'P' as (4, 6).

The above process of marking a point on a Cartesian plane using their co-ordinates is called "plotting the point".

5.3 کارتیزی مستوی پر کسی نقطے کا تعین جب کہ اس کے مختصات دیئے گئے ہیں۔

ہم دیکھ چکے ہیں کہ کسی کارتیزی مستوی پر نقاط کے مقامات کو کس طرح پڑھا یا جاتا ہے۔اب ہم کسی نقطے کی نشاندہی کرنا سیکھیں گے۔ اگر اس کے مختصات دیئے جائیں۔

مثال 6۔ مثال کے طور پر آپ نقطہ (4,6) کا کس طرح تعین کریں گے۔
کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ نقطہ P کس ربع میں ہے۔
ہم جانتے ہیں کہ طولی مختص (X مختص) 4 اور عرضی مختص (Y مختص) ہے۔



∴ نقطہ P ربع اول میں موجود ہے۔

گراف پر نقطہ P(4,6) کے تعین کے لئے حسب ذیل طریقہ کار پر عمل کیا جائے گا۔

☆ ایک گراف پیپر پر دو عمودوار عددی خط کھینچیے جو ان کے صفر پر ایک دوسرے سے ملتے ہیں۔افقی خط کو X محور اور انتصابی (عمودی) خط کو Y محور کا نام دیجئے۔اور دونوں خطوط کے ملنے کے مقام کو مبداء ' O ' سے نشاندہی کیجیے۔

☆ X مختص کو ذہن میں رکھتے ہوئے صفر (مبدا) سے گننا شروع کیجیے۔

☆ X محور کی مثبت سمت میں 4 اکائی آگے جائیے۔یعنی صفر سے سیدھی جانب اور نقطہ A لگائیے۔

☆ A سے 6 اکائیاں اوپر مثبت Y محور کی سمت اس کے متوازی جائیے۔

☆ نقطہ P کا تعین (4,6) کے طور پر کیجیے۔

مذکورہ طریقے سے کسی کارتیزی مستوی میں x اور y مختصات کے استعمال سے کسی نقطہ کا تعین، نقطہ کی پلاٹنگ کہا جاتا ہے۔

Example 6. Plot the following points in the Cartesian plane

(i) M (–2, 4), (ii) A (–5, -3), (iii) N (1, –6)

Solution : Draw the X-axis and Y-axis on the graph.



(i) Can you say in which quadrant the point M lie?

Since $x < 0$, $y >$ o, It lies in the second quadrant. Let us now locate its position.

M (–2,4) : start from the origin, move 2 units from zero along the negative part of X-axis i.e. on its left side.

From there move 4 units along the line parallel to positive Y-axis i.e. upwards.

Name it as M (–2,4).

(ii) A (–5, –3) :

The point A lies in the third quadrant. Start from zero, the Origin. Move 5 units from zero to its left side that is along the negative part of X-axis.

From there move 3 units along a line parallel to negative part of Y-axis i.e. downwards. Name it as A (–5, –3)

(iii) N (1, –6): In which quadrant does it lie?

The point N lies in the fourth quadrant, start from zero i.e. origin. Move 1 unit along positive part of X-axis i.e. to the right side of zero. From there move 6 units along a line parallel to negative Y-axis i.e. downwards, and name the point as N (1, –6)

مثال 7۔ کارتیزی مستوی پر حسب ذیل نقاط کا تعین کیجئے۔

(i) M (-2 , 4) (ii) A (-5 , -3) (iii) N (1 , -6)

حل: X محور اور Y محور بنائیے۔



(i) کیا آپ کہہ سکتے ہیں کہ نقطہ M کونسے ربع میں واقع ہوگا؟

کیوں کہ X<0 ،Y>0 یہ نقطہ دوسرے ربع میں واقع ہوگا۔ آیئے اس نقطہ کے مقام کا تعین کرتے ہیں۔

M(-2 , 4): صفر سے شروع کیجئے۔ 'O' سے شروع کرتے ہوئے منفی X محور کی طرف بائیں جانب 2 اکائیاں جایئے

یہاں سے مثبت Y محور کے متوازی یعنی اوپر کی جانب 4 اکائیاں جایئے اور اسے M(-2, 4) لکھئے۔

(ii) A(-5 , -3) یہ نقطہ تیسرے ربع میں واقع ہوگا۔ صفر سے مبدا پر شروع کیجئے۔

O سے 5 اکائیاں بائیں جانب یعنی منفی X محور کے متوازی چلئے۔

یہاں سے منفی Y کے متوازی محور یعنی نیچے کی سمت 3 اکائیاں جایئے۔ اور اس کی نشاندہی A(-5,-3) کے طور پر کیجئے۔

(iii) N(1 , -6) کس ربع میں ہوتا ہوگا۔ یہ نقطہ چوتھے ربع میں واقع ہوگا۔ مبدہ پر صفر سے شروع کیجئے۔

مثبت X محور کے متوازی یعنی صفر کے سیدھی جانب 1 اکائی چلئے۔

یہاں سے منفی Y محور کے متوازی یعنی نیچے کی جانب 6 اکائیاں چلئے۔ اس نقطہ پر N(1,-6) لکھئے۔

Do This

Plot the following points on a Cartesian plane.

1. B (−2, 3)   2. L (5, −8)   3. U (6, 4)   4. E (−3, −3)

Example 7 : Plot the points T(4, −2) and V(−2, 4) on a cartesian plane. Whether these two coordinates locate the same point?



Solution : In this example we plotted two points T (4, −2) and V(−2, 4)

Are the points (4, −2) and (−2, 4) distinct or same? Think.

We see that (4, −2) and (−2, 4) are at different positions. Repeat the above activity for the points P (8, 3), Q(3, 8) and A (4, −5), B(−5 , 4) and say whether the point (x, y) is different from (y, x) or not ?

From the above plotting it is evident that the position of (x, y) in the Cartesian plane is different from the position of (y, x). i.e. the order of x and y is important in (x, y).

Therefore (x, y) is called an ordered pair.

If $x \neq y$, the ordered pair $(x, y) \neq$ ordered pair (y, x).

However if $x = y$, then $(x, y) = (y, x)$

Example 8: Plot the points A(2, 2), B(6, 2), C (8, 5) and D (4, 5) in a graph sheet. Join all the points to make it a parallelogram. Find the area of the parallelogram.



Solution: All the given points lie in Q_1.

from the graph b = AB = 4units.

height h = 3 units

Area of parallelogram

$= \text{base} \times \text{height}$

$= 4 \times 3 = 12 \text{ unit}^2$

یہ کیجیے

کارتیزی مستوی پر حسب ذیل نقاط کا تعین کیجیے۔

1. B (−2, 3)	2. L (5, −8)	3. U (6, 4)	4. E (−3, −3)

مثال 8۔ نقاط T(4 , -2) اور V(-2 , 4) کو کارتیزی مستوی پر متعین کیجیے۔ کیا یہ مختصات ایک ہی نقطہ کی نشاندہی کرتے ہیں۔

حل: اس مثال میں ہم کو دو نقاط T(4 , -2) اور V(-2 , 4) کا تعین کرنا ہے۔



کیا یہ نقاط T(4 , -2) اور V(-2 , 4) مختلف ہیں یا ایک ہیں؟ سوچیے۔

ہم دیکھتے ہیں کہ (+4 , -2) اور (-2 , 4) مختلف مقامات پر ہیں۔ اس عمل کو نقاط P(8,3)، Q(3,8) اور A(4,-5)، B(-5,4) سے دہرائیے بتائیے کہ نقطہ (x,y) نقطہ (y,x) سے مختلف ہے یا نہیں۔

مذکورہ پلاٹنگ سے یہ واضح ہو جاتا ہے کہ کارتیزی مستوی (x,y)، (y,x) سے مختلف ہوتا ہے۔ یعنی x اور y کی ترتیب اہم ہوتی ہے۔

لہٰذا (x,y) کو مرتب جوڑ (Ordered Pair) کہتے ہیں۔

اگر $x \neq y$ ہو تو مرتب جوڑ $(x, y) \neq (y,x)$ مرتب جوڑ کے، تاہم اگر x=y تب (x,y)=(y,x)

مثال 9: نقاط A(2,2)، B(6,2)، C(8,5) اور D(4,5) کو ترسیمی کاغذ پر متعین کرو؟ ان نقاط کو ملاتے ہوئے متوازی الاضلاع بناؤ اور اس کا رقبہ دریافت کرو؟

حل:



تمام نقاط پہلے ربع میں واقع ہوں گے۔

(ترسیم) گراف کی مدد سے b = AB = 4 اکائیاں

بلندی h = 3 اکائیاں

متوازی الاضلاع کا رقبہ = قاعدہ × ارتفاع

= 4×3

= 12 مربع اکائیاں

Do This

(i) Write the coordinates of the points A, B, C, D, E.

(ii) Write the coordinates of F, G, H, I, J.



Exercise 5.3

1. Write the following points as a orderpair and plot in the Cartesian plane.

x	2	3	–1	0	–9	–4
y	–3	–3	4	11	0	–6
(x, y)						

2. Are the positions of (5, –8) and (–8, 5) same? Justify your answer.

3. What can you say about the position of the points (1, 2), (1, 3), (1, –4), (1, 0), and (1, 8). Locate on a graph sheet .

4. What can you say about the position of the points (5, 4), (8, 4), (3, 4), (0, 4), (–4, 4), (–2, 4)? Locate the points on a graph sheet. Justify your answer.

5. Plot the points (0, 0) (0, 3) (4, 3) (4, 0) in graph sheet. Join the points in order with straight lines to make a rectangle. Find the area of the rectangle thus formed.

یہ کیجیے

(i) نقاط A، B، C، Dاور E کے مختصات لکھیے۔

(ii) نقاط F،G،H،I،J کے مختصات لکھیے۔



مشق 5.3

1. کارتیزی مستوی میں ذیل کے نقاط متعین کیجیے جن کے x اور y مختصات دیئے گئے ہیں۔

x	2	3	−1	0	−9	−4
y	−3	−3	4	11	0	−6
(x, y)						

2. کیا نقاط (8-,5) اور (8,5-) مساوی ہیں۔ اپنے جواب کی تصدیق کیجیے۔

3. نقاط (1,2)، (1,3)، (1,-4)، (1,0) اور (1,8) کے مقام کے بارے میں آپ کیا کہہ سکتے ہیں۔ ترسیمی کاغذ پر متعین کیجیے۔

4. نقاط (2,4-)(4,4-)(0,4)(3,4)(8,4)(5,4) کے مقام کے بارے میں آپ کیا کہیں گے ان نقاط کو ترسیمی کاغذ پر متعین کرتے ہوئے اپنے جواب کی تصدیق کیجیے۔

5. (0,0)، (0,3)، (4,3)، (4,0) کو ترسیمی کاغذ پر ظاہر کیجیے انہیں خطوط مستقیم سے ملاتے ہوئے مستطیل بنائیے۔ مستطیل کا رقبہ بھی معلوم کیجیے۔

6. Plot the points (2, 3), (6, 3) and (4, 7) in a graphsheet. Join them to make it a triangle. Find the area of the triangle thus formed.

7. Plot at least six points in a graph sheet, each having the sum of its coordinates equal to 5. **Hint** : (–2, 7) (1, 4) ....

8. Look at the graph. Write the coordinates of the points A, B, C, D, E, F, G, H, I, J, K, L, L, M. N, P, O and Q.



9. In a graph Sheet Plot each pair of points, join them by line segments

i. (2, 5), (4, 7)	ii. (–3, 5), (–1, 7)	iii. (–3, –4), (2, –4)
iv. (–3, –5), (2, –5)	v. (4, –2), (4, –3)	vi. (–2, 4), (–2, 3)
vii. (–2, 1), (–2, 0)	viii. (4, 7), (4, –3)	ix. (4,–2), (2, –4)
x. (4, –3), (2,–5)	xi. (2, 5), (2, –5)	xii. (–3, 5), (–3, –5)
xiii. (–3, 5), (2, 5)	xiv. (–1, 7) (4, 7)	What do you observe

10. Plot the following pairs of points on the axes and join them with line segments.

(1, 0), (0, 9); (2, 0), (0, 8); (3, 0) (0, 7); (4, 0) (0, 6);

(5, 0) (0, 5); (6, 0) (0, 4); (7, 0) (0, 3); (8, 0) (0, 2); (9, 0) (0, 1).

What do you observe?

6. نقاط (2,3)، (6,3) اور (4,7) کو گراف شیٹ پر ظاہر کیجئے انہیں خط مستقیم سے ملاتے ہوئے مثلث بنائیں اور اس کا رقبہ معلوم کریں۔

7. گراف شیٹ پر کم از کم چھ نقاط لیجئے۔ ہر نقطہ کے مختصات کا حاصل جمع 5 ہونا چاہیئے۔
اشارہ : (1,4) , (-2,7)-----------

8. دی ہوئی ترسیم پر غور کیجئے نقاط A,B,C,D,E,F,G,H,I,J,K,L,M,N,O,P اور Q کے مختصات لکھئے۔



9. ترسیمی کاغذ پر نقاط کی جوڑیوں کا تعین کرتے ہوئے انہیں خطوط سے ملایئے۔

i. (2, 5), (4, 7)	ii. (−3, 5), (−1, 7)	iii. (−3, −4), (2, −4)
iv. (−3, −5), (2, −5)	v. (4, −2), (4, −3)	vi. (−2, 4), (−2, 3)
vii. (−2, 1), (−2, 0)	viii. (4, 7), (4, −3)	ix. (4,−2), (2, −4)
x. (4, −3), (2,−5)	xi. (2, 5), (2, −5)	xii. (−3, 5), (−3, −5)
xiii. (−3, 5), (2, 5)	xiv. (−1, 7) (4, 7)	آپ نے کیا مشاہدہ کیا؟

اب آپ ایک عجیب قسم کی شکل حاصل کریں گے۔غور سے دیکھ کر بتایئے کہ وہ کیا ہے؟

10. اس ترسیمی کاغذ پر ذیل کے نقاط کی جوڑیوں کو ملایئے۔

(1, 0), (0, 9); (2, 0), (0, 8); (3, 0) (0, 7); (4, 0) (0, 6);
(5, 0) (0, 5); (6, 0) (0, 4); (7, 0) (0, 3); (8, 0) (0, 2); (9, 0) (0, 1).

آپ نے کیا مشاہدہ کیا؟

Activity

Study the positions of different cities like Hyderabad, New Delhi, Chennai and Vishakapatnam with respect to longitudes and latitudes on a globe.

Creative Activity

Take a graph sheet and plot the following pairs of points on it and join them in order with line segments.

(–9, 0), (–6, 4), (–2, 5), (2, 4), (5, 0) (–2, 0),

(–2, –8), (–3, –9), (–4, –8).

What do you notice ?

What have we discussed?

- We need two references to locate the exact position of a point in a plane.
- A point or an object in a plane can be located with the help of two perpendicular number lines. One of them is horizontal line (X-axis) and the other is vertical line (Y-axis).
- Cartesian plane is named after Rene Descartes.
- The point of intersection of X-axis and Y-axis is the orgin. Coordinates of orgin are (0, 0)
- The ordered pair (x, y) is different from the ordered pair (y, x).
- The equation of X-axis is given by y = 0.
- The equation of Y-axis is given by x = 0.

S9I4F2

Brain teaser

Look at the cards placed below you will find a puzzle



The white card pieces must change places with the shaded pieces while following these rules : (1) pieces of the same colour cannot jump over another (2) move one piece one space or jump at a time. Find the least number of moves.

Minimum number of moves is between 15 to 20. Can you do better?
To make the game more challanging, increase the number of pieces of cards

مشغلہ

گلوب پر بلحاظ طول بلد وعرض بلد مختلف شہروں جیسے حیدرآباد، نئی دہلی، چینائی اور وشاکھا پٹنم کے مقامات پر غور کیجئے۔

تحقیقی مشغلہ

ذیل کے نقاط کی جوڑیوں کو ترسیم کے کاغذ پر لیتے ہوئے انہیں خطوط سے جوڑ یئے۔

(-9,0) , (-6,4) , (-2,5) , (2,4) (5,0) (-2,0)

(-2,-8) , (-3,-9) , (-4,-8)

آپ نے کیا مشاہدہ کیا؟

ہم نے کیا سیکھا

- ☆ کسی مستوی میں نقطہ کا تعین کرنے کے لیے ہمیں دو مختصات کی ضرورت ہوتی ہے۔
- ☆ کسی مستوی پر ایک نقطہ یا شئے کا تعین دو عمودوار خطوط سے کیا جاسکتا ہے۔ ان میں سے ایک کو افقی خط (X محور) اور دوسرے کو عمودوار خط (Y محور) کہا جاتا ہے۔
- ☆ X اور Y مختصات کی رقوم میں نقاط کا تعین کارتیزی مختصات سے ظاہر کیا جاتا ہے۔
- ☆ X اور Y محور کا نقطہ تقاطع مبدا کہلاتا ہے۔ (0,0)
- ☆ مرتب جوڑ (X,Y) مرتب جوڑ (Y,X) سے مختلف ہوتا ہے۔
- ☆ X محور کو Y=0 کی مساوات سے ظاہر کرتے ہیں۔
- ☆ Y محور کو X=0 کی مساوات سے ظاہر کرتے ہیں۔

دماغی ورزش

دیئے ہوئے کارڈز پر غور کیجئے۔ آپ کو ایک معمہ حاصل ہوگا۔ سفید کارڈ کو سیاہ کارڈز سے تبدیل کرنا چاہیئے اس سلسلہ میں یہ قواعد ملحوظ رکھنا ضروری ہے۔



(i) ایک ہی رنگ کے کارڈز ایک دوسرے پر سلسلہ وار نہ رکھے جائیں۔ (ii) ایک وقت میں ایک ہی کارڈ کھیلیں یا ایک جگہ لیں۔ اقل ترین چالوں کی گنتی کریں۔

کم از کم 15-20 چالیں ہونی چاہئیں۔ کیا آپ اس سے بہتر کھیل سکتے ہیں؟ اپنے کھیل کو اور زیادہ دلچسپ بنانے کے لیئے کارڈز کی تعداد میں اضافہ کریں۔

Chapter 7

Triangles

P4G7T4

7.1 Introduction

We have drawn figures with lines and curves and studied their properties. Do you remember, how to draw a line segment of a given length? All line segments are not same in size, they can be of different lengths. We also draw circles. What measure do we need and have been used to draw a circle? We need the radius of the circle. We also draw angles equal to the given angle.

We know if the lengths of two line segments are equal then they are congruent.



$\overline{AB} \cong \overline{CD}$

(Congruent)



$\overline{PQ} \ncong \overline{RS}$

(Non-congruent)

Two angles are congruent, if their angle measure is same.



$\angle AOB \cong \angle POQ$

(Congruent)



$\angle XYZ \ncong \angle DEF$

(Non-congruent)

From the above examples we can say that to make or check whether the figures are same in size or not we need some specific information about the measures describing these figures.

Let's consider a square : What is the minimum information required to say whether two squares are of the same size or not?

Satya said- "I only need the measure of the side of the given squares". If the sides of given squares are equal then the squares are of identical size.

باب 7

مثلثات

7.1 تعارف

